ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (327)

مورخہ 11.06.24

**بہاول پور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔**

**جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان ارشد، طاہر بھٹہ اور ثنا اللہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 150 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ خیر پور ٹامیوالی، تھانہ قائم پور اور تھانہ سول لائنز پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان آصف، امداد اللہ خان اور علی رضا کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 600 گرام چرس اور 11 کلوگرام بھنگ برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ بغداد الجدید، کینٹ، صدر بہاولپور، عباس نگر اور تھانہ اوچشریف پولیس نے 05 ملزمان جعفر رزاق، وجاہت، احمد، مقبول اور ابوبکر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 03 عدد پسٹل 30 بور اور 02 عدد ریپیٹر 12 بور برآمد کر لیے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (328)

11.06.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 20 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 20 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (329)

11.06.24

# بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات ، تھانہ سول لائینز پولیس کا قحبہ خانہ پر چھاپہ، نائیکہ سمیت 09 مرد و خواتین گرفتار، قحبہ خانہ کی نائیکہ سے منشیات بھی برآمد۔ معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی پر امن معاشرے کی ضمانت ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایات کے مطابق تھانہ سول لائینز پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ پولیس نے برائی کے اڈے پر ریڈ کر کے نائیکہ ریحانہ کوثر کو بذریعہ لیڈی کنسٹیبل گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمہ کے قبضہ سے 25 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ اسی طرح قحبہ خانہ کے دیگر کمروں سے رنگ رلیاں مناتے ہوئے 04 مرد ممتاز، طارق، مصطفی اور محبوب کو گرفتار کرلیا جبکہ 04 خواتین سونیا بی بی، فیض بی بی، سونیا بی بی اور شہناز کی گرفتاری بذریعہ لیڈی کنسٹیبل عمل میں لائی گئی۔ تمام گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس حوالے سے ڈی پی او بہاولپور نے اپنے پیغام میں کہا کہ معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی پر امن معاشرے کی ضمانت ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ سول لائینز پولیس کا قحبہ خانہ پر چھاپہ، مرد و خواتین سمیت 09 ملزمان منشیات سمیت گرفتار